# Phone call between Prime Minister Shri Narendra Modi and H.E. Dr. Thongloun Sisoulith, Prime Minister of Lao People's Democratic Republic

June 12, 2020

----------------------------------------------------------------------------------------------------

## وزیر اعظم جناب نریندر مودی اور لاؤ پیپلز ڈیموکریٹک ریپبلک کے وزیر اعظم عالی جناب ڈاکٹر تھونگلون سیسولیتھ کے درمیان فون کال

12 جون، 2020

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے آج لاؤ پیپلز ڈیموکریٹک ریپبلک کے وزیر اعظم عالی جناب ڈاکٹر تھونگلن سیسولیتھ سے فون پر بات کی۔

دونوں رہنماؤں نے عالمی کووڈ 19 وبائی مرض سے لاحق صحت اور معاشی چیلنجوں کے بارے میں تبادلہ خیال کیا۔ وزیر اعظم نے لاؤس میں وبائی مرض کے پھیلاؤ پر قابو پانے کے لئے لاؤ پی ڈی آر (لاؤ پیپلز ڈیموکریٹک ریپبلک ) کی حکومت کی جانب سے اٹھائے گئے موثر اقدامات کی تعریف کی۔

دونوں رہنماؤں نے کووڈ کے بعد کی دنیا کی تیاری کے لئے بین الاقوامی تعاون کی ضرورت، اور بہترین طریقہ کار اور تجربات کے شیئر کرنے پر اتفاق کیا۔

وزیر اعظم نے لاؤس کے ساتھ ہندوستان کے تاریخی اور ثقافتی روابط پر روشنی ڈالی، اور واٹ فاؤ میں عالمی ثقافتی ورثہ کی بحالی میں شامل ہونے پر اطمینان کا اظہار کیا۔ لاؤ وزیر اعظم نے وزیر اعظم کو لاؤ کے ترقیاتی پروگراموں، صلاحیت میں اضافہ کرنے اور وظیفے کے لئے تعاون کرنے پر ہندوستان کا شکریہ ادا کیا۔

وزیر اعظم نے لاؤ پی ڈی آر (لاؤ پیپلز ڈیموکریٹک ریپبلک ) کے ساتھ اپنی ترقیاتی شراکت داری کو جاری رکھنے کے لئے ہندوستان کے عزم کو دہرایا، جو کہ ہندوستان کے بڑھے ہوئے پڑوس میں ایک قابل قدر شراکت دار ہے۔

**نئی دہلی**

**12 جون، 2020**

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.